نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی ہدایت پر کپاس کی بہتر نگہداشت کیلئے ڈائریکٹر جنرلز زراعت کا مختلف علاقوں کا دورہ فیلڈ فارمیشنز کے تحت جاری سرگرمیوں کی مانیٹرنگ وسرویلنس کی گئی اور کپاس کے کاشتکاروں کو بہتر نگہداشت سے متعلق امور پر رہنمائی فراہم کی گئی۔

لاہور02اگست2025: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرلز زراعت نے مختلف علاقوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے کاشتکاروں سے ملاقات کر کے کپاس کی فصل کو درپیش مسائل دریافت کیے۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن محکمہ زراعت پنجاب نوید عصمت کاہلوں کا کہنا تھا کہ دورے کا مقصد کپاس کے نگہداشتی امور سے متعلق جاری سرگرمیوں کا جائزہ لینا تھا۔اس دوران فیلڈ فارمیشنز کے تحت جاری سرگرمیوں کی مانیٹرنگ اور سرویلنس کی گئی اور کاشتکاروں کو بہتر نگہداشت سے متعلق امور پر رہنمائی فراہم کی گئی۔اپنے دورہ کے دوران تمام ڈائریکٹر جنرلز زراعت نے کپاس کے نازک مرحلے اور موجودہ موسمی حالات کے پیش نظر فصل کی دیکھ بھال سے متعلق کاشتکاروں کو موثر مشورے دیئے اور بہتر پیداوار کے حصول کے لیے کپاس کی نیوٹریشن و پیسٹ مینجمنٹ سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی جبکہ فیلڈ فارمیشنز کو ٹیکنیکل ایکسپرٹس گروپ کی سفارشات بروقت کاشتکاروں تک پہنچانے کی ہدایت بھی کی۔اس دورے میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع بہاولپور حافظ محمد شفیق اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر راشد سرور بھٹی بھی شریک تھے۔آج ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری عبدالحمید نے بہاولنگر جبکہ ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ ڈاکٹر عامر رسول نے رحیم یار خان کا دورہ کیا۔

☆☆☆☆